© rasailojaraid.com

تبصرہ نگار: ع'غ

# تعارف وتبصرہ

تبصرے کے لیے کتاب کے دو نسخے ارسال کرنا ضروری ہے' کتابچہ نما رسالوں پر تبصرہ نہیں کیا جاتا

**365 کہانیاں' حصہ دوم'** مؤلف: محمد ناصر درویش' ناشر بیت العلم ٹرسٹ' ST-9E بلاک نمبر 8 گلشن اقبال کراچی' صفحات: 218۔

365 کہانیوں کے نام سے یہ کتاب سال کے 365 دنوں کے لحاظ سے ترتیب دی گئی ہے' یہ کتاب کل چار حصوں پر مشتمل ہوگی' حصہ اول اس سے پہلے چھپ کر منظر عام پر آ چکا ہے' تیسرا اور چوتھا حصہ ابھی زیر ترتیب ہے' جبکہ ہمارے پیش نظر ان تربیتی سیریز اور دلچسپ کہانیوں کا یہ دوسرا حصہ ہے' جو کل 92 کہانیوں پر مشتمل ہے' ناشر نے اس کو ان الفاظ میں پیش کیا ہے۔

''دوسرے حصے کی زیادہ تر کہانیوں میں گھر' مدرسے اور اسکول کی ایک اچھی زندگی کا نقشہ ہے کہ گھر کا فرد ہونے کی حیثیت سے' والدین' بہن بھائی' اور دوسرے رشتہ داروں کے ساتھ کن اخلاق اور کن آداب کی ہمیں ضرورت ہے' اسی طرح مدرسہ اسکول کے ایک طالب علم ہونے کی حیثیت سے ہم میں علم کا شوق پیدا ہو اور اہل علم اور اپنے ساتھیوں کے ساتھ ہم کس طرح پیش پیش آئیں۔ اس کے علاوہ صحابہ کرام وصحابیات رضوان اللہ علیہم اجمعین کے اور دیگر بزرگوں کے علمی وعملی حالات بھی واقعات کی روشنی میں جمع کیے گئے ہیں۔''

یہ جامعہ فاروقیہ کراچی کے فاضل جناب محمد ناصر درویش کی ایک فکری کاوش ہے جس میں بچوں کی دینی فرحت وتازگی اور تفریح کے ساتھ ساتھ عقائد' اعمال اور اخلاق کے اصلاحی پہلوؤں کو مدنظر رکھا گیا ہے' مفتی اعظم' پاکستان مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب زید مجدھم نے اس عمدہ اور قابل قدر کاوش کو سراہا ہے' کتاب کی طباعت واشاعت معیاری ہے۔

**مسائل زکوٰۃ'** مرتب: مفتی عنایت الرحمٰن علوی' ناشر: مدرسہ تجوید القرآن رحمانیہ خانو خیل ضلع ڈیرہ اسماعیل خان' صفحات: ۳۲۔

۳۰ صفحات کے اس رسالے میں زکاۃ کے مسائل کو جمع کیا گیا ہے' جس میں زکاۃ کی لغوی واصطلاحی تعریف کے علاوہ زکوٰۃ کے شرائط' نصاب' مصارف اور دیگر احکام کو مختصر انداز میں بیان کر دیا گیا ہے' اس رسالے کے مندرجات کو اگر مستند کتب فقہ سے بحوالہ پیش کر دیا جائے تو زیادہ مناسب ہوگا' یہ رسالہ کارڈ ٹائٹل کے ساتھ شائع ہوا ہے۔

☆☆.........☆☆

© rasailojaraid.com